ادارہ

مسافرانِ آخرت

☆حکیم حافظ عبدالرشید چیمہ رحمتہ اللہ علیہ ۲؍جون ۲۰۰۷ء۔ مدینہ طیبہ (مجلس احرار اسلام کے مرکزی ناظم نشر و اشاعت عبداللطیف خالد چیمہ کے والد ماجد)

☆مولانا قاری محمد اختر صاحب رحمہ اللہ۔ پنجن کسانہ (ضلع گجرات)۔ انتقال: ۱۷؍مئی ۲۰۰۷ء

☆چیچہ وطنی میں ہمارے پرانے ساتھی اور معاونِ خصوصی چودھری محمد اشرف کی والدہ ماجدہ مرحومہ: ۷؍جون ۲۰۰۷ء

☆گلاسگو (برطانیہ) میں ہمارے قدیم معاون جناب محمد اشرف کے والد مرحوم

☆شیخ محمد انور مرحوم: مدرسہ سراج العلوم کبیر والہ کے بانی مولانا محمد شفیعؒ کے بھانجے۔ انتقال: ۱۳؍جون ۲۰۰۷ء۔ ان کی نمازِ جنازہ حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ نے پڑھائی۔ حضرت پیر جی مدظلہ دوسرے دن تعزیت کے لیے بھی تشریف لے گئے۔ رکن ادارہ محمد یوسف شاد بھی ان کے ہمراہ تھے۔

☆مدرسہ رحمانیہ اوکاڑہ کے مہتمم قاری غلام نبی چشتی رحمہ اللہ

☆جامعہ محی الاسلام اوکاڑہ کے مہتمم مولانا غلام محمود انور کی اہلیہ مرحومہ

☆ماہڑہ ضلع مظفر گڑھ میں ہمارے معاون حاجی غلام حیدر منڈھیرا۔ انتقال: ۳۱؍مئی ۲۰۰۷ء بروز جمعرات

☆مجلس احرار اسلام لاہور کے قدیم و مخلص کارکن شیخ نثار احمد کے جواں سال داماد محمد جاوید مرحوم

☆مجلس احرار اسلام ظاہر پیر (ضلع رحیم یار خان) کے رہنما جناب مولوی کریم اللہ کے والد مرحوم

☆ملتان میں ہمارے کرم فرما، ملک مظفر صاحب کے والد اور طاہر نثار کے تایا ملک گلزار احمد مرحوم

☆ناگڑیاں ضلع گجرات میں ہمارے مہربان حافظ محمد عرفان کے ماموں جان ٹریفک کے ایک حادثے میں انتقال کر گئے۔

☆مجلس احرار اسلام کراچی کے صدر جناب شفیع الرحمٰن احرار کے بہنوئی اسرار احمد خان (ولد یٰسین احمد خان) ۲۰؍جون ۲۰۰۷ء کو طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔

☆محترم پروفیسر حافظ محمد وکیل شاہ صاحب مدظلہ کے حقیقی ماموں سید مشتاق شاہ صاحب مرحوم۔ انتقال: ۲۴؍جون ۲۰۰۷ء ساہیوال

قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے ایصالِ ثواب اور دعاءِ مغفرت کا اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین)

دعائے صحت

☆مجلس احرار اسلام اوکاڑہ کے رہنما شیخ مظہر سعید کا لاہور میں ایکسیڈنٹ ہو گیا ہے۔ جس کی وجہ سے پاؤں کی ہڈی ٹوٹ گئی ہے۔ قارئین سے دعائے صحت کی درخواست ہے۔ (ادارہ)